# 24-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ پی ایم مودی نے بنگال میں رائے دہی کے تناسب کو جمہوریت کی جیت قرار دیتے ہوئے ٹی ایم سی دور کے خاتمہ کا اشارہ دیا ہے۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا، آر ٹی سی جے اے سی کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں تا کہ ہڑتال ختم کی جاسکے۔

۳۔ کے ٹی آر نے آر ٹی سی ڈرائیور کی خودکشی کیلئے حکومت سے ذمہ داری لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے بی آر ایس لیڈرس کو رہا کرنے پر زور دیا ہے۔

اور

۴۔ وزیر ناگیشور راؤ نے بیجوں کی سربراہی کیلئے 15 مئی آخری تاریخ مقرر کی ہے جبکہ خریف کیلئے معیاری بیجوں پر توجہ دی گئی ہے۔

MEDAK:

میدک ضلع کی کلکٹر پرتیما سنگھ نے شیوایا پلی میں مستفید خاتون تھوٹا لکشمی کیلئے تعمیر کئے گئے اندراماں مکان کی گھر بھرونی (ہاؤس وارمنگ) تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے 99 دنوں پر مشتمل فلاحی تقاریب کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع میں 750 مکانات مکمل ہو چکے ہیں جن میں سے 650 میں لوگ رہائش اختیار کر چکے ہیں۔ حکومت شفاف تعمیر کے لئے مرحلہ وار 5 لاکھ روپے فراہم کر رہی ہے اور ایسے افراد کو ترجیح دی جارہی ہے جن کے پاس زمین تو ہے مگر مکان نہیں۔ انہوں نے دیگر مستفیدین سے بھی اپیل کی کہ وہ جلد از جلد اپنے مکانات مکمل کریں۔

POLICE STATION:

تلنگانہ کے ڈی جی پی، بی شیودھر ریڈی نے گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس اور ضلع کلکٹر گریما اگروال کے ساتھ مل کر راجنا سرسلہ ضلع کے رودرنگی میں جدید پولیس اسٹیشن کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس منصوبہ پر تقریباً 2.5 کروڑ روپے خرچ ہوں گے۔ڈی جی پی نے کہا کہ اب پولیسنگ کو عوام دوست بنایا جارہا ہے اور ماؤسٹ دور کے خاتمہ کے بعد اب توجہ ہتھیاروں کے بجائے عوامی خدمات پر دی جائے گی۔

Sound Byte DGP

انہوں نے کہا کہ سڑک حادثات جرائم سے زیادہ جانیں لے رہے ہیں، اس لئے شہری ٹریفک قوانین کی پابندی کریں اور ''Arrive Alive'' مہم کے تحت ہیلمٹ کا استعمال کریں۔گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس نے پولیس کی خدمات کو سراہتے ہوئے امن وامان برقرار رکھنے اور منشیات کے خلاف اقدامات کی تعریف کی۔انہوں نے ویملواڑہ میں ٹریفک اور ویمنس پولیس اسٹیشن قائم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔

Sound Byte Whip

CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ماحولیاتی کارکن دسیچرلا ستیہ نارائنا کی صحت کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ان کی ہدایت پر حکام نے نظامس اسپتال میں جدید طبی علاج کا انتظام کیا ہے اور علاج کے تمام اخراجات حکومت برداشت کرے گی تاکہ وہ جلد صحت یاب ہوسکیں۔

TUMMALA:

وزیر زراعت تو ملا ناگیشور راؤ نے آنے والے خریف سیزن کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بی پی ٹی 5024 اور آر این آر 15048 جیسے اعلیٰ پیداوار والے باریک چاول کے بیج فراہم کرنے پر زور دیا۔ ماضی کی مارکیٹنگ مشکلات سے بچنے کے لئے انہوں نے ہدایت دی کہ 15 مئی تک بیجوں کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور 4 مئی سے کسان میلوں کے دوران بیداری پروگرام منعقد کئے جائیں۔ وزیر نے مرکزی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کم از کم امدادی قیمت (MSP) کا بوجھ ریاستوں پر ڈالا جا رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مرکز خود MSP والی تمام فصلوں کی خریداری کرے۔ ان کے مطابق مرکزی تعاون کی کمی کے باعث ریاست کو ہر سال تقریباً 3000 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔

WEATHER:

تلنگانہ میں 24 سے 26 اپریل کے دوران موسم کی پیش قیاسی کے مطابق مختلف مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندا باندی کا امکان ہے۔ آئندہ تین دنوں میں درجہ حرارت میں 1 سے 2 ڈگری تک اضافہ متوقع ہے۔ عادل آباد، نظام آباد اور میدک اضلاع میں آندھی اور طوفانی بارش کی وارننگ جاری کی گئی ہے، جس کے ساتھ بجلی گرنے اور 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔ دوسرے دن بھی بالخصوص شمالی اور مغربی اضلاع میں اسی طرح کے حالات رہنے کی پیش قیاسی کی گئی ہے جس کے پیش نظر عوام کو احتیاط برتنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

VOTER:

وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال انتخابات کے پہلے مرحلہ میں زیادہ ووٹنگ کو جمہوریت کی کامیابی قرار دیا ہے۔ڈم ڈم میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سے ترنمول کانگریس (TMC) میں خوف پیدا ہوا ہے۔انہوں نے یقین دلایا کہ بدانتظامی کا دور ختم ہونے والا ہے اور 4 مئی کو نتائج کے بعد تشدد اور ناانصافی کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔وزیراعظم نے کہا کہ آئندہ بی جے پی حکومت ہر ظلم کی جانچ کرے گی اور کسی بھی قصوروار کو بخشا نہیں جائے گا۔

TRUMP

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے واضح کیا ہے کہ ایران کے ساتھ تنازع میں وہ نیوکلیئر ہتھیار استعمال کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔وائٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیوکلیئر ہتھیار کسی کو بھی استعمال نہیں کرنے چاہئیں اور امریکہ پہلے ہی روایتی طریقوں سے ایران کا موثر مقابلہ کر چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ فوری حل کی کوئی جلدی نہیں، تاہم تہران کو خبردار کیا کہ مستقل معاہدے کے لئے وقت کم ہوتا جا رہا ہے۔

JUPALLY:

وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے عادل آباد ضلع میں آر ٹی سی ملازمین اور کارکنوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ہڑتال کے دوران صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں اور جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہ لیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت ان کے مطالبات کے حل کے لئے سنجیدگی سے مذاکرات کر رہی ہے اور جلد پرامن حل نکالا جائے گا۔ انہوں نے اپوزیشن جماعتوں پر الزام عائد کیا کہ وہ سیاسی

فائدے کے لئے کارکنوں کو گمراہ کر رہی ہیں اور ملازمین سے اپیل کی کہ وہ اشتعال میں نہ آئیں اور تحمل سے کام لیں۔

URBAN FARMING:

تلنگانہ کے محکمہ باغبانی کی جانب سے اتوار 26 اپریل کو ترکاریوں اور دالوں کے طریقہ کار کی ٹیکنک کے تعلق سے زرعی ٹریننگ سیشن منعقد کیا جائے گا۔ یہ پروگرام حیدرآباد کے علاقہ ناملی میں واقع ہارٹیکلچر ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں صبح 10 بجے سے ایک بجے دن تک منعقد ہوگا۔ خواہشمند افراد مقام پر پہنچ کر یا پھر موبائل نمبر 8977714411 پر اپنے نام درج کرا سکتے ہیں۔

KTR:

ٹی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے آر ٹی سی ڈرائیور شنکر گوڑ کی خودکشی کے واقعہ پر تنقید کرتے ہوئے اسے ریونت ریڈی حکومت کی جانب سے قتل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے گزشتہ دو سال سے ملازمین کو دھوکہ دیا ہے۔ کے ٹی آر نے بی آر ایس لیڈرس اور ورکرس کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے انہیں فوری رہا کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ حکومت کو چاہئے کہ شنکر گوڑ کے خاندان کو ایک کروڑ روپے کی مدد دینے کے علاوہ کسی شخص کو ملازمت فراہم کی جائے۔ انہوں نے آر ٹی سی ملازمین پر زور دیا کہ بہادری کا مظاہرہ برقرار رکھیں اور خود کو کسی طرح کا نقصان نہ پہنچائیں۔ کے ٹی آر نے وعدہ کیا کہ وعدوں کی تکمیل ہڑتال ختم کئے جانے کے لئے بی آر ایس پارٹی متحدہ جدوجہد کی قیادت کرتے ہوئے حکومت پر زور ڈالے گی۔

KAVITHA:

سابق ایم ایل سی کویتا نے بی آر ایس پارٹی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ اس نے اپنے بنیادی اصولوں اور علاقائی پہچان کو فراموش کر دیا ہے۔ اسی بنا پر پارٹی کا زوال ہوا۔ اِس بات پر زور دیتے ہوئے کہ پارٹی نے عوام کے ساتھ اپنا تعلق برقرار رکھا، انہوں نے کہا کہ ایک نئی سیاسی پارٹی بنائی جائے گی جو مقامی سطح پر عوامی مسائل کو پورا کرے گی اور تلنگانہ کے مفادات کیلئے سختی سے کھڑی رہے گی۔

EPFO:

ای پی ایف او رنگاریڈی کی جانب سے 27 اپریل کو صبح 9 بجے سے شام 5:45 بجے تک 'نیدھی آپ کے نکٹ 2.0' کے نام سے ایک آؤٹ ریچ پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ یہ پروگرام مختلف اضلاع میں 8 مقامات پر منعقد ہوگا جس کے ذریعہ مقامی سطح پر ملازمین اور عاجروں کی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔

BHADRADRI:

بھدرادری کوتہ گوڑم میں ضلع ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کی جانب سے آنگن واڑی بچوں کیلئے گریجویشن تقریب کے ساتھ پوشن پکواڑہ 2026ء کا اختتام ہوا۔ ایڈیشنل کلکٹر ودیا چندنا نے عملہ پر زور دیا کہ معیاری غذا فراہم کی جائے تاکہ سال کے اختتام تک ضلع ناقص غذا کے مسئلہ سے پاک ہو جائے۔ آفیسر سوارنا لتا نے کہا کہ تغذیہ کی اہمیت کے تعلق سے تقریباً 2 ہزار 61 آنگن واڑی مراکز میں سرگرمی کے ساتھ عوامی بیداری چلائی۔

MGNREGA:

منچریال کے کلکٹر کمار دیپک نے ڈی آر ڈی او کشن کے ہمراہ بھیمنی میں ایم جی این آر ای جی اے ، کے کاموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے درجہ حرارت میں اضافہ کے پیش نظر ملازمین کو اپنا خیال رکھنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے مزدوروں کو ہدایت دی کہ اپنے کام کے اوقات میں تبدیلی کرتے ہوئے صبح 6 بجے سے 11 بجے تک ہی کام کریں۔

RAJANNA:

راجنا سرسلہ کے ایڈیشنل کلکٹر ناگیش نے دھان کی خریدی کے مختلف مراکز کا معائنہ کرتے ہوئے عہدہداروں کو ہدایت دی کہ خریدی کی تفصیلات فوری آن لائن اَپ ڈیٹ کی جائیں۔ انہوں نے کسانوں پر زور دیا کہ سرکاری مراکز سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے مقامی رائس ملوں کا دورہ بھی کیا۔

BHATTI:

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ اس وقت سکریٹریٹ میں آر ٹی سی ، جے اے سی لیڈرس کے ساتھ اہم میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں جس میں وزرا پونم پربھاکر، سریدھر بابو اور وویک وینکٹ سوامی بھی شریک ہیں۔ یہ میٹنگ، آنجہانی ڈرائیور شنکر گوڑ کی یاد میں دو منٹ کی خاموشی کے ساتھ شروع ہوا۔ حکومت کی جانب سے ملازمین کے 29 مطالبات کو منظوری دی جاچکی ہے تاہم ماںقی تین اہم معاملات پر توجہ ہے۔ امید ہے کہ اس میٹنگ کے ذریعہ کوئی راستہ نکل آئے گا اور ہڑتال ختم ہوجائے گی۔ حکومت آج اس معاملہ کی یکسوئی کیلئے کوشاں ہے جس کیلئے چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ اور دیگر سینئر عہدیداروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی بات چیت جاری ہے۔

INDIRAMMA HOUSES:

ایم ایل اے راجندر ریڈی نے ہنمکنڈہ کلکٹریٹ میں 256 استفادہ کنندگان میں اندراماں مکانات کے منظور شدہ کاغذات حوالہ کئے۔ انہوں نے کہا کہ ورنگل ویسٹ میں 20.80 کروڑ روپے رقم پہلے ہی 2 ہزار افراد کو دی جا چکی ہے۔

JAC:

متوجی پیٹ، نرسم پیٹ میں اس وقت کشیدگی میں کمی واقع ہوئی جب پولیس اور آر ٹی سی جے اے سی کے لیڈرس، ڈرائیور شنکر گوڑ کی آخری رسومات کے سلسلہ میں ایک معاہدے پر پہنچے۔ ابتداء میں اس وقت تکرار ہوئی جب عہدیداروں نے ملازمین کو شنکر کی لاش آر ٹی سی ڈپو لے جانے سے روک دیا۔ اس کے بعد ڈرائیور کے خاندان نے تاخیر سے آخری رسومات ادا کرنے کا فیصلہ کیا۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے نرسم پیٹ پہنچ کر آنجہانی کو خراج پیش کیا۔

OO